© rasailojaraid.com



اسلامیہ والعربیہ کے شعبہ جات میں جو ایم فل و پی ایچ ڈی کے مقالات لکھے گئے یا لکھے جا رہے ہیں ان کی حسب سابق فہرست دی گئی ہے یہ فہارس مختلف یونیورسٹیز سے علیحدہ علیحدہ شائع ہوتی رہی ہیں لیکن عام قاری کی ان تک پہنچ نہیں تھی ڈاکٹر صاحب نے تمام فہارس کو یکجا کر کے اہل قلم پر بڑا احسان فرمایا ہے

جامعہ کراچی کے سابق ڈین ڈاکٹر عبدالرشید نے اس سے قبل جامعہ کراچی سے جو لسٹ جاری کی تھی اس میں جان بوجھ کر متعصبانہ روش کے تحت اپنے مخالفین کے نام شامل نہیں کر کے علمی بددیانتی کا ثبوت دیا تھا امید ہے موجودہ ڈین جامعہ کی نئی فہرست شائع کرتے ہوئے سابقہ روش کی ضرور اصلاح کریں گے اور شعبہ سے وابستہ تمام سپروائزر اور ان کے تلامذہ کا تذکرہ کریں گے

جامعہ کراچی سمیت دیگر جامعات کو ایسے علمی کاموں میں گرینج یونیورسٹی کی پیروی کرنی چاہئے

پروفیسر سیما مغل کی زیر سرپرستی میں جلد اول کی صورت میں شاندار علمی کام منصۂ شہود پر آیا ہے ہم دعا گو ہیں جلد دوم بھی شائع ہو تاکہ بین الاقوامی یونیورسٹی اور بلوچستان یونیورسٹی سمیت دیگر یونیورسٹیز کی علمی خدمات بھی اہل علم کے سامنے آ جائے اس مجموعہ کو ویب سائٹ پر بھی مطالعہ کیا جا سکتا ہے ہم جملہ اساتذہ علوم اسلامیہ کی جانب سے ڈاکٹر انصار الدین اور گرینج یونیورسٹی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

مجلہ کا نام : المفکرۃ الاسلامیہ (سہ ماہی)

مدیر محمد عمر عثمانی

سرپرست مولانا محمد سرفراز خان صفدر

ناشر جامع حنفیہ اہلسنت والجماعت مدنی جامع مسجد گلیانہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

فون 0345-6943745 03006293296

قیمت و صفحات ۱۰ روپے ۔ ۴۷ صفحات

مدیر صاحب عرصہ سے اسلامی موضوعات پر لکھ رہے ہیں آب حیات میں آپ کے متعدد شاندار مضامین شائع ہو چکے ہیں پیش نظر جنوری تا مارچ ۲۰۰۷ء کا تیسرا شمارہ ہے

مجلہ میں آغاز سخن کے نام سے بہترین اداریہ لکھا ہے

مدیر کا مضمون اسلام اور عصری سیاست حالات حاضرہ کا بہترین تجزیہ ہے سید احمد فاروقی کا مضمون ایمانی حمیت و غیرت کو شاندار انداز میں جھنجھوڑتا ہے۔

نوجوانوں کو مجلہ کا مطالعہ کرنا چاہئے اور قلمی معاونت کرنی چاہئے۔

© rasailojaraid.com